کیا سیلاب میں فوت ہونے والے کو شہید کا ثواب ملے گا؟

مجیب: مفتی ابوالحسن محمد ہاشم خان عطاری

فتوی نمبر: Lar-11610

تاریخ اجراء: 28 محرم الحرام 1444ھ/27 اگست 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ جو شخص بارشوں کی وجہ سے آنے والے سیلاب کے پانی کے ساتھ بہہ جائے اور اس کا انتقال ہو جائے، تو کیا اسے شہید کا ثواب ملے گا؟

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! جو شخص سیلاب کے پانی میں ڈوب کر فوت ہو جائے، تو اسے شہید کا ثواب ملے گا۔ سنن ابو داؤد شریف کی ایک حدیث پاک میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیھم اجمعین سے سوال کیا کہ: "وما تعدون الشهادة؟ قالوا: القتل فی سبیل اللہ تعالی، قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الشهادة سبع سوى القتل فی سبیل اللہ: المطعون شهيد، والغرق شهيد، وصاحب ذات الجنب شهيد، والمبطون شهيد، وصاحب الحريق شهيد، والذي يموت تحت الهدم شهيد، والمرأة تموت بجمع شهيد" ترجمہ: تم شہادت کسے کہتے ہو؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اللہ عزوجل کی راہ میں قتل کیے جانے کو۔ تو نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کی راہ میں قتل کیے جانے کے علاوہ بھی سات شہادتیں ہیں: (1) طاعون میں مبتلا ہو کر مرنے والا شہید ہے (2) ڈوب کر مرنے والا شہید ہے (3) ذات الجنب (بیماری کا نام) میں مرنے والا شہید ہے (4) جو پیٹ کی بیماری میں مبتلا ہو کر مرے شہید ہے (5) جو جل کر مرے شہید ہے (6) اور جو کسی کے نیچے دب کر مرے شہید ہے (7) اور جو عورت بچے کی ولادت میں مرے شہید ہے۔ (ابوداؤد شریف، جلد 3، صفحہ 188، مطبوعہ بیروت)

بدائع الصنائع میں ہے: "انه ينال ثواب الشهداء كالغريق، والحريق، والمبطون، والغريب إنهم شهداء بشهادة الرسول صلى الله عليه وسلم لهم بالشهادة" ترجمہ: شہید حکمی کو شہداء کا ثواب ملے گا،

جیسا کہ ڈوب کر فوت ہونے والا، جل کر فوت ہونے والا، پیٹ کی بیماری میں فوت ہونے والا اور جو پردیس میں فوت ہو جائے، شہید ہے، یہ سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ان کے لیے شہادت کی گواہی کے سبب شہداء قرار پائے

۔(بدائع الصنائع، جلد01، صفحہ322، مطبوعہ بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net